## ڈاکٹر فاروق ستار کو قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کا پارلیمانی لیڈر اور حیدر عباس رضوی کو ڈپٹی پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا

## سندھ اسمبلی میں سید سردار احمد ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر اور فیصل سبزواری ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رہوں گے

## رابطہ کمیٹی اور نومنتخب ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کے اجلاس میں کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق کا اعلان

کراچی ۔۔۔ 9 مارچ 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار کو قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کا پارلیمانی لیڈر اور رکن قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی کو پارٹی کا ڈپٹی پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا جبکہ سابق سینئر صوبائی وزیر سید سردار احمد کو سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کا پارلیمانی لیڈر اور فیصل سبزواری کو ڈپٹی پارلیمانی لیڈر مقرر کر دیا گیا۔اس بات کا فیصلہ رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا۔ رابطہ کمیٹی کے اس فیصلے کا اعلان کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق نے آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ایک اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں اراکین رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کے نومنتخب ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے شرکت کی۔ڈاکٹر عمران فاروق نے تمام منتخب ارکان اسمبلی کو بھاری اکثریت سے کامیابی پر زبردست مبارکباد پیش کی۔ڈاکٹر عمران فاروق نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات میں ایم کیوایم کی تاریخی کامیابی شہیدوں کی قربانیوں، کارکنوں کی محنت اور عوام کی تائید وحمایت کی بدولت ہے اور عوام نے ایک بار پھر ایم کیوایم کو تاریخی کامیابی سے ہمکنار کر کے اس پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے پارلیمانی لیڈر مقرر کئے جانے والے ارکان کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ ایوان میں اپنی پارلیمانی ذمہ داریوں کو حسن وخوبی انجام دیں گے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے نومنتخب ارکان اسمبلی سے کہا کہ وہ ملک میں جمہوریت کے فروغ، ملکی استحکام اور عوام کے مسائل کے حل اور سندھ کے حقوق کیلئے پارلیمنٹ میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

## ایم کیوایم نے خواتین کنونشن منعقد کر کے 98 فیصد طبقے سے تعلق رکھنے والی خواتین کو متحرک کیا، خورشید افسر، نائلہ لطیف

## خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب

کراچی ۔۔۔9، مارچ 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی رکن وشعبہ خواتین کی انچارج محترمہ خورشید افسر نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین عملیت پسندی کے علمبردار ہی نہیں بلکہ انہوں نے عملی طور پر خواتین کو تمام شعبہ ہائے زندگی میں شریک کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خواتین کے عالمی دن کے موقع پر خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں ایم کیوایم کی نومنتخب خواتین اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سابق حق پرست اراکین اسمبلی اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے شرکت کی۔تقریب میں خواتین کے حقوق اور ان کے تحفظ کے حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کی جدوجہد پر مقررین نے اظہار خیال کیا۔محترمہ خورشید افسر نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جس نے خواتین کنونشن منعقد کر کے 98 فیصد طبقے سے تعلق رکھنے والی خواتین کو متحرک کیا یہی وجہ ہے کہ آج تمام قومیتوں اور برادریوں کی خواتین ایم کیوایم کے پرچم تلے اپنے آپ کو محفوظ تصور کرتی ہیں اور اس کے پلیٹ فارم سے اپنے جائز حقوق کی جدوجہد کر رہی ہیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ خواتین کی جوائنٹ انچارج نائلہ لطیف اور زرینہ محمود نے کہا کہ ایم کیوایم میں شامل خواتین مردوں کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کر رہی ہیں متحدہ قومی موومنٹ نے روز اول سے ہی خواتین کی فلاح وبہبود کیلئے عملی کام کئے ہیں، ملک کے منتخب ایوانوں میں کاروکاری اور دیگر فرسودہ رسومات کے خلاف ایم کیوایم نے بل منظور کرائے اور انشاء اللہ ایم کیوایم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں اپنی جائز حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

## اگر حکومتی کرپشن کو بے نقاب کرنا جرم ہے تو ہم یہ جرم بار بار کرتے رہیں گے، سلیم بٹ

## پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کو تشدد کا نشانہ بنانے والے جھوٹی بیان بازی کر کے اپنے آپ کو مظلوم ظاہر کر رہے ہیں

اسلام آباد ۔۔۔9، مارچ 2008ء ۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن اسمبلی محمد سلیم بٹ نے وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد کی ایماء پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے خلاف حکومتی وزراء کی طرف سے بیان بازی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں سلیم بٹ نے کہا کہ قائد تحریک جناب

الطاف حسین نے یا ان کے ساتھیوں میں سے کسی نے بھی آزاد کشمیر آ کر عوام کے حقوق کا سودا نہیں کیا اور نہ ہی آزاد کشمیر میں قومی دولت کی لوٹ مار کی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کا باشعور طبقہ جانتا ہے کہ 60 برس سے قومی وسائل لوٹنے والے ارب پتی بن چکے ہیں جبکہ ایم کیو ایم نے جناب الطاف حسین کی ہدایت پر کشمیری قوم کی عملی خدمت کی ہے اور اگر حکومتی کرپشن کو بے نقاب کرنا، عوام کی خدمت کرنا جرم ہے تو ہم یہ جرم بار بار کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کے وجود سے انکار نہیں کیا جا سکتا، ایم کیو ایم کا مستقبل آزاد کشمیر میں روشن ہے۔ سلیم بٹ نے کہا کہ سردار عتیق وزراء کی فوج بنا کر من پسند لوگوں کو نوازنے کیلئے ماہانہ کروڑوں روپے خرچ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دراصل حکومت ایم کیو ایم سے خائف ہے اور ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر کو تشدد کا نشانہ بنانے والے جھوٹی بیان بازی سے اپنے آپ کو مظلوم ظاہر کر رہے ہیں۔ سلیم بٹ نے کہا کہ حامد رضا کو وزارت سے فارغ کر کے اس کے خلاف ایف آئی آر درج نہ کی گئی تو ہم اپنا احتجاج جاری رکھنے میں حق بجانب ہیں۔

## چوک شہداں پر قائم ایم کیو ایم کے احتجاجی کیمپ کا مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے رہنماؤں نے دورہ کیا

میر پور۔۔۔9، مارچ 2008ء۔۔۔آزاد کشمیر کی مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں کے رہنماؤں نے چوک شہداں میں متحدہ قومی موومنٹ کے احتجاجی کیمپ میں آ کر طاہر کھوکھر پر حکومتی وزراء کی جانب سے حملہ کی شدید مذمت کی ہے اور اسے بدترین ریاستی دہشت گردی قرار دیا۔ احتجاجی کیمپ کا دورہ کرنے والوں میں جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے سیکریٹری جنرل سید نشا طاکاظمی ایڈووکیٹ، جموں کشمیر لبریشن لیگ کے سابق صدر چوہدری محمد شریف طارق ایڈووکیٹ، صدر انجمن تاجران میر پور چوہدری محمد نعیم، سابق صدر کشمیر پریس کلب میر پور محمد امین بٹ، ڈسٹرکٹ بار کے سابق سیکریٹری کامران طارق ایڈووکیٹ، پاکستان پیپلز پارٹی ضلع میر پور کے جنرل سیکریٹری راجہ غضنفر خان ایڈووکیٹ، جموں کشمیر محاذ رائے شماری کے صدر عظیم رت ایڈووکیٹ، پیپلز پارٹی سٹی میر پور کے صدر حاجی غلام رسول عوامی، پیپلز مسلم لیگ کے رہنما و سابق امیدوار اسمبلی چوہدری سہیل گجر، سابق امیدوار اسمبلی و پیپلز پارٹی کے رہنما چوہدری سلطان محمود، انجمن تاجران کے سیکریٹری جنرل حاجی شوکت محمود چوہدری، صدر الیکشن کمیٹی منگلا ڈیم راجہ لال خان، سماجی رہنما میر فضل الرحمٰن، انجمن تاجران کے رہنماؤں حاجی محمد اقبال منہاس، محمد صدیق چوہدری، ماسٹر محمد شفیع کے علاوہ صحافی صوفی محمد نذیر چوہدری، محمد رفیق مغل، سجاد حسین بخاری، رانا بشیر راجوردی، طارق محمود کشمیری، شاہد مرزا، محمد آصف، مرزا تقویم پی ایس ایف کے رہنماؤں، پی این پی کے جان اللہ غازی کے علاوہ دیگر شامل ہیں۔ احتجاجی کیمپ کا دورا کرنے والوں نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت کی کرپشن کو بے نقاب کرنے پر حکمرانوں کا شیخ پا ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کی جانب سے سخت ترین کرپشن کی گئی ہے۔ ان رہنماؤں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ ہم آزاد کشمیر اپوزیشن کے ہاتھ مضبوط کرتے ہوئے حکمرانوں کی بداعمالیوں کو بے نقاب کرنے پر ان کے ساتھ ہیں۔ متحدہ قومی موومنٹ کے کیمپ پر ان رہنماؤں کو ایم کیو ایم ضلع میر پور کے آرگنائزر افتخار احمد کھوکھر، میڈیا انچارج محمد صادق کھوکھر، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی گل باز خان، ارشد محمود لغاری، راجہ عبدالحمید اور محمد راجہ صدیقی نے خوش آمدید کہا اور ان کی جانب سے نیک خواہشات پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## منبع رشد و ہدایت صرف رسول اللہ ﷺ ہی کی ذات گرامی ہے، ملک تنویر جوائنٹ انچارج آزاد کشمیر
## ایم کیو ایم کے اراکین اسمبلی نے وزیر اوقاف کی طرف سے اپنے والد کیلئے منبع رشد و ہدایت لکھنے پر احتجاج کیا، حامد رضا کی قرارداد کا ہنگامہ آرائی سے کوئی تعلق نہیں

اسلام آباد۔۔۔9، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج چیئرمین پارلیمانی بورڈ ملک تنویر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وزیر اوقاف حامد رضا جعلی حافظ ہیں جنہوں نے کسی بھی ادارہ سے قرآن حفظ نہیں کیا۔ حالیہ اجلاس کے دوران حامد رضا کی قرارداد کا ہنگامہ آرائی سے کوئی تعلق نہیں، ایم کیو ایم کے اراکین اسمبلی نے وزیر اوقات کی طرف سے اپنے والد کیلئے منبع رشد و ہدایت لکھنے پر احتجاج کیا۔ ملک تنویر نے کہا کہ منبع رشد و ہدایت صرف رسول اللہ ﷺ ہی کی ذات گرامی ہے، حامد رضا نے توہین رسالت کی ایم کیو ایم دعوت نامے کی مذمت کرتی ہے، وزیر اوقاف کفارہ ادا کریں اور تمام مسلم امہ سے معافی مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی نظریہ کے مطابق منبع رشد و ہدایت صرف اور صرف رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی ہے اگر کوئی شخص کسی اور کیلئے یہ لفظ استعمال کرتا ہے یا لکھتا ہے تو رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ وزیر اوقاف کی اس حرکت کی پرزور مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ وزیر اوقاف کو وزارت سے فارغ کیا جائے۔ ملک تنویر نے کہا کہ حکومت کی گود میں بیٹھ کر رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے والے وزیر کو سزا ملنی چاہئے جبکہ وزیر اعظم آزاد کشمیر نے ان کو شاباش دی اور وزیر اعظم ہی کی آشیر باد سے حامد رضا نے ایم کیو ایم کے

پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کو حملہ کر کے زخمی کیا۔انہوں نے کہا کہ زیادتی کا ازالہ نہ ہوا تو پورے آزاد کشمیر میں پرامن احتجاج جاری رکھیں گے۔

## معروف اداکار اور شو آرگنائزر صلاح الدین طوفانی کے انتقال پر اور ایم کیو ایم کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے یم کیو ایم لائنیز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن طارق علی کی والدہ محترمہ انوری بیگم، لانڈھی ٹاؤن یوسی 9 کے حق پرست کونسلر عبدالحمید پٹیل کی والدہ محترمہ زینب بی بی اور معروف اداکار اور شو آرگنائزر صلاح الدین طوفانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اے پی ایم ایس او کے کارکنان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر منعقدہ ورائٹی شو میں خالد عمر، حنیف راجہ، عمر شریف، لائبہ علی، حسن جہانگیر اور دیگر نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا

کراچی۔۔۔9، مارچ 2008ء(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔حالیہ انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کی شاندار کامیابی پر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی جانب گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں طلباء کارکنان کے اعزاز میں عشائیہ کا انعقاد کیا گیا جس سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے بھی لندن سے ٹیلی فونک خطاب کیا۔عشائیہ کے بعد لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں رنگارنگ میوزیکل شو کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں فلم، اسٹیج اور ٹی وی کے مشہور و معروف فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے فنکاروں کی پرفارمنس پر انہیں ٹیلی فون پر داد و تحسین سے نوازا اور ان کیلئے دعائیں کیں۔ورائٹی شو میں فلم، ٹی وی اور اسٹیج کے ممتاز و معروف فنکار عمر شریف، خالد عمر، سلیم جاوید، لائبہ علی، رافیعہ رضوی، احتشام حیدر، حسن جہانگیر، فیصل قاضی، عمران جاوید، صفدر ضیاء، ندیم جعفری اور حنیف راجہ نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ورائٹی پروگرام فجر کی نماز سے قبل اختتام پذیر ہوا۔

☆☆☆☆☆